## حق پرست عوام،جمیل الدین عالی کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔4،مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف کالم نگار،شاعراور دانشور جمیل الدین عالی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہےاوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ جمیل الدین عالی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد عوامی مسائل کا حل ہے،الطاف حسین

## ڈیفنس کلفٹن،لانڈھی اور برنس روڈ میں ایم کیوایم کے تحت ورائٹی پروگراموں کے شرکاء سے گفتگو

لندن۔۔۔4مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم عوامی مسائل کے حل اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کرتی رہے گی۔یہ بات انہوں نے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی کامیابی کی خوشی میں ایم کیوایم لانڈھی،ڈیفنس کلفٹن اور برنس روڈ سیکٹر کے زیراہتمام ورائٹی پروگرام کے شرکاء سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کا حل ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہو،ملک میں جمہوریت اور جمہوری ادارے مستحکم ہوں،عوام کوان کے بنیادی حقوق دیئے جائیں اور ملک میں امن وسکون قائم ہو۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست امیدواروں کی بھرپور حمایت اور انہیں ووٹ دیکر کامیاب بنانے پر لانڈھی،ڈیفنس کلفٹن اور برنس روڈ کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی تاریخی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ عوام نے کڑے سے کڑے حالات کا بہادری سے سامنا کیا اور حق پرستی کی جدوجہد میں ثابت قدم رہ کر ایم کیوایم کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی 60سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ عام انتخابات میں کراچی کے مختلف علاقوں بالخصوص ڈیفنس کلفٹن کے عوام نے اپنے گھروں سے نکل کر حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنایا ہے جس پر ایک ایک بزرگ،ماں،بہن،بیٹی اور تحریکی ساتھی زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔جناب الطاف حسین نے ورائٹی پروگراموں کے شرکاء کو عام انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخی اور شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی اور ورائٹی پروگراموں میں اپنے فن کا مظاہرہ کرنے والے فنکاروں اور فنکاراؤں کا خیر مقدم کیا اور انہیں بھی مبارکباد پیش کی۔

## لاہور میں خودکش بم دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## خودکش بم دھماکے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے

لندن۔۔۔4مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں نیول وار کالج میں خودکش دھماکوں کی شدید مذمت کی ہے اور خودکش دھماکوں میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک کے مختلف علاقوں میں خودکش حملے اور بے گناہ شہریوں کا قتل ملک کا امن وسکون غارت کرنے اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف اور نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو سے مطالبہ کیا کہ لاہور میں خودکش دھماکوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کیے جائیں اور ملک بھر میں حفاظتی اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کریں۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## نواز شریف پاکستان کے عوام کو اس بات کا جواب دیں کہ وہ اپنے ہی دستخط شدہ میثاق جمہوریت کی خلاف ورزی کیوں کررہے ہیں، ڈاکٹر عمران فاروق

لندن۔۔4مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میں نواز شریف پاکستان کے عوام کو اس بات کا جواب دیں کہ وہ اپنے ہی دستخط شدہ میثاق جمہوریت کی خلاف ورزی کیوں کررہے ہیں جس پر انہوں نے پوری قوم کے سامنے دستخط کئے تھے۔انہوں نے کہا کہ 14 مئی 2006ء کو میاں نواز شریف نے پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن بے نظیر بھٹو شہید کے ہمراہ پوری قوم کے سامنے میثاق جمہوریت پر دستخط کئے تھے اور اس معاہدہ کی شق نمبر 3 میں وعدہ کیا گیا تھا کہ کسی ایسے جج کو نہیں لیا جائے گا جس نے پی سی او کے تحت حلف اٹھایا ہو۔اس وقت جسٹس افتخار چوہدری اور ان کے ساتھ دیگر جج پی سی او کے تحت حلف اٹھا کر سپریم کورٹ میں بیٹھے تھے لیکن آج میاں نواز شریف اپنے دستخط شدہ معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے جسٹس (ریٹائرڈ) افتخار چوہدری اور دیگر ججوں کی بحالی کی بات کررہے ہیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ میاں نوز شریف نے میثاق جمہوریت پر دستخط کرکے نہ صرف معاہدہ کیا تھا بلکہ پوری قوم سے وعدہ کیا تھا مگر آج وہی اپنے معاہدہ اور وعدہ کو کیوں توڑ رہے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے دیگر رہنماء اس سوال کا جواب دینے کے بجائے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف گھٹیا بیان بازی پر اتر آئے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ دلیل کا جواب دلیل سے دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور ان کے پاس اس سوال کا جواب نہیں ہے جو متحدہ قومی موومنٹ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اٹھایا ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ اس سوال کا جواب میاں نواز شریف پر فرض ہے اور پاکستان کے 16 کروڑ عوام اس بات کے منتظر ہیں کہ میاں نواز شریف انہیں جواب دیں کہ وہ اپنے دستخط شدہ میثاق جمہوریت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے جسٹس افتخار محمد چوہدری اور دیگر ججوں کو بحالی کا مطالبہ کیوں کررہے ہیں۔عوام یہ بھی سوال کرتے ہیں کہ اگر میاں نواز شریف کو اس معاہدہ پر عمل نہیں کرنا تھا تو انہوں نے یہ معاہدہ کیوں کیا تھا؟

## حالیہ انتخابی نتائج نے ثابت کردیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) علاقائی اور لسانی جماعت ہے، سلیم شہزاد مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں نے انتخابی مہم کے دوران نہ تو صوبہ سندھ اور بلوچستان کا دورہ کیا اور نہ انتخابی جلسے کئے

لندن۔۔۔4، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف بے سروپا بیان بازی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماء کھسیانی بلی کھمبا نوچے کی عملی تصویر بنے ہوئے ہیں کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ نے قوم کے سامنے مسلم لیگ (ن) کے سربراہ نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے دوغلے کردار کو بے نقاب کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حالیہ انتخابات کے نتائج نے بھرپور طریقہ سے ثابت کردیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ایک علاقائی ولسانی جماعت ہے جو صرف پنجاب تک محدود ہے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماء خود بھی علاقائی سوچ کے حامل ہیں یہی وجہ ہے کہ انہوں نے پوری الیکشن مہم میں نہ تو سندھ اور بلوچستان کا دورہ کیا اور نہ ہی ان دونوں صوبوں میں کوئی انتخابی جلسہ کیا۔انہوں نے سوال کیا کہ کیا مسلم لیگ (ن) کے رہنماء سندھ اور بلوچستان کو پاکستان کا حصہ تصور نہیں کرتے؟ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے جس طرح ماضی میں لوٹ مار، عوام کے ساتھ مظالم خصوصاً سندھ کے عوام کا جو قتل عام کیا ہے اور نواز شریف جس طرح خفیہ ڈیل کرکے راتوں رات ملک سے فرار ہوئے اس کے نتیجے میں ملک کے عوام نے انہیں مکمل طور پر مسترد کردیا ہے اور حالیہ انتخابی نتائج نے ثابت کردیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) علاقائی اور لسانی جماعت ہے اور اس کے تمام تر اقدامات اسی علاقائی اور لسانی سوچ کے تحت کئے جارہے ہیں۔

## عدنان فاروق شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، اراکین قومی اسمبلی کراچی میں مجرمانہ سرگرمیوں اور قتل وغارتگری میں ملوث افراد کی سرپرستی کرنے والوں کو بے نقاب کیا جائے

کراچی۔۔۔4، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نومنتخب حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے لانڈھی میں مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عدنان فاروق کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں مجرمانہ سرگرمیوں اور قتل وغارتگری میں ملوث افراد کی سرپرستی کرنے والوں کو بے نقاب کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ 27، دسمبر 2007ء کو بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد تین روز تک کراچی میں لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور قتل وغارتگری کا سلسلہ جاری رہا اور ان وارداتوں میں ملوث افراد کراچی سے تعلق نہیں رکھتے تھے۔انہوں نے کہا کہ اتوار کی شب لانڈھی کے علاقے میں ایک کوچ کے مسافروں کو لوٹنے کے بعد مسلح ڈاکوؤں نے ایم

کیوایم کے جواں سال کارکن عدنان فاروق کوشہید کردیا۔ڈکیتی اورقتل کی اس واردات میں ملوث افراد بھی قبائلی علاقہ سے تعلق رکھتے تھے جواس بات کا ثبوت ہے کہ سماج دشمن عناصرکوکراچی میں لاکرشہرکاامن وسکون غارت کرنے کی سازش کوعملی جامہ پہنایا جارہاہے۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کررہے ہیں وہ کراچی اورشہریوں کے کھلے دشمن ہیں ۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکن عدنان فاروق کے قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور کراچی میں مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کی سرپرستی کرنے والے عناصر کو بے نقاب کیا جائے۔انہوں نے عدنان شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کا آغاز کردیا

## پہلے روز کراچی سمیت سندھ بھر میں قائم فاؤنڈیشن کے مراکز پر بچوں کو پولیوویکسین کے قطرے پلائے گئے

کراچی۔۔۔4، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام منگل سے انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔ انسداد پولیومہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی سمیت سندھ بھر میں قائم فاؤنڈیشن کے مراکز پر بچوں کو پولیوویکسین کے قطرے پلانے کے انتظامات کئے گئے ہیں۔انسداد پولیومہم کے پہلے روز کراچی میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا،خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی،اورنگ آباد،علاقائی سطح پر قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں کے علاوہ حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی مرکزی شاخ اورمراکز پر بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے۔نومنتخب حق پرست رکن سندھ اسمبلی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی شاہ نے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال اورنگ آباد کا دورہ کیا اور یہاں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کیلئے کئے گئے انتظامات اورسہولیات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر اورنگ آباد میڈیکل سینٹر واسپتال کے نگراں عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے۔انسداد پولیومہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی گشتی ٹیموں نے بھی کراچی کے مختلف علاقوں اوراندرون سندھ کے گاؤں گوٹھوں میں جاکر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے اوران کے والدین کواس موذی مرض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کیا۔دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ پولیو کے موذی مرض کے خاتمے کیلئے بھرپور تعاون کریں اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر اپنے بچوں کو صبح 9 سے شام 5 بجے تک پولیوویکسین کے قطرے پلوانے کیلئے ضرور لائیں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عدنان فاروق شہید کا سوئم

کراچی۔۔۔4، مارچ 2008ء۔۔۔گزشتہ دنوں لانڈھی میں قبائلی علاقہ جات سے تعلق رکھنے والے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن عدنان فاروق شہید کا سوئم منگل کے روز لانڈھی نمبر 6 میں واقع غوثیہ رحمانی مسجد میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اورعدنان فاروق شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،حق پرست نومنتخب اراکین سندھ اسمبلی عبدالمعید فاروقی،شیخ محمد افضل،عامر معین،علیم الرحمٰن،لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹر ارشاد،کورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈووکیٹ،یوسی ناظمین، کونسلرز،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین،ایلڈرز ونگ کے ارکان،ایم کیوایم لانڈھی اورکورنگی سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورشہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ارشاد حقانی کی اہلیہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سینئر کالم نگار ارشاد احمد حقانی کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆